## اسلامی جمعیت طلباء کا ماضی اور حال مسلح دہشت گردی اور پرتشدد کارروائیوں سے عبارت ہے، رابطہ کمیٹی
## پروفیسر افتخار حسین بلوچ کو تشدد کا نشانہ بنانے والے جمعیت کے دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے
## پنجاب یونیورسٹی کے ہاسٹل سے جمعیت کے ناجائز قبضے کا خاتمہ کرایا جائے

کراچی۔۔۔3، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ تعلیمی اداروں میں اسلامی جمعیت طلباء کی غنڈہ گردی اور پنجاب یونیورسٹی کے ہاسٹل سے جمعیت کے ناجائز قبضے کا خاتمہ کرایا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جماعت اسلامی اور اس کی بغل بچہ طلباء تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کا ماضی اور حال مسلح دہشت گردی، قتل وغارتگری اور پرتشدد کارروائیوں سے عبارت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جمعیت کے غنڈہ عناصر نے ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں خوف ودہشت کی فضاء قائم کررکھی ہے اوراب ان کی دہشت گردیوں سے اساتذہ بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔گزشتہ دنوں اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گردوں نے پنجاب یونیورسٹی کی ڈسپلنری کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر افتخار حسین بلوچ کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور وائس چانسلر کے دفتر میں توڑ پھوڑ کی جس کا تاحال کوئی نوٹس نہیں لیا گیا اور حکومت کی جانب سے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے والے عناصر کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اساتذہ کرام کا درجہ والدین سے بھی بڑا ہوتا ہے اور جمعیت کے دہشت گردوں نے پنجاب یونیورسٹی کے پروفیسر کو تشدد کا نشانہ بنا کر اپنے سیاہ کارناموں میں ایک اور باب کا اضافہ کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کے پروفیسر کو تشدد کا نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت ہے اوراس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی نہ کئے جانے کے باعث اساتذہ اور طلباء میں گہری تشویش پائی جاتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ پنجاب یونیورسٹی کے پروفیسر افتخار حسین بلوچ کو تشدد کا نشانہ بنانے والے اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے، تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے والے عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے اور پنجاب یونیورسٹی کے ہاسٹل سے اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گردوں کا ناجائز قبضہ ختم کرایا جائے۔

## محبّ وطن بنگالیوں کے خلاف متعصّبانہ کارروائیوں اور بلاجواز گرفتاریوں کا سلسلہ بند کرایا جائے، ڈاکٹر محمد فاروق ستار
## ایم کیو ایم بنگالیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرے گی
## افغانی، چیچن، ازبک، تاجک لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں لیکن حکومت ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیتی

کراچی۔۔۔3، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار نے محبّ وطن بنگالی نژاد پاکستانیوں کے خلاف انتظامیہ کی جانب سے کی جانیوالی کارروائیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ محبّ وطن بنگالی عوام کے خلاف غیر قانونی اور متعصّبانہ اقدامات بند کرائے جائیں اور گرفتاریوں کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر انتظامیہ کی جانب سے محبّ وطن بنگالیوں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا آغاز کردیا گیا ہے جس کی ایم کیو ایم کھلے الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ افغانی، چیچن، ازبک، تاجک اور دیگر لاکھوں کی تعداد میں غیر قانونی طور پر پاکستان میں قیام پذیر ہیں لیکن حکومت نے ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جبکہ پاکستان سے محبت کرنے والے محبّ وطن بنگالیوں کو تارکین وطن قرار دیکر ان کی حب الوطنی کا مذاق اڑایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بنگالی محبّ وطن پاکستانی ہیں اور ایم کیو ایم بنگالیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ محبّ وطن بنگالیوں کو تارکین وطن قرار دیکر ان کے خلاف متعصّبانہ کاروائیوں اور بلاجواز گرفتاریوں کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔

## ایم کیوایم پاکستان کوفلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے،سلیم شہزاد
## الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل ضرور حاصل کریں گے،فیض احمد
## ایم کیوایم یوکے یونٹ کے تحت ویمبلے (WEMBLEY) میں رکنیت سازی مہم کے اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔03،اپریل2010ء

ایم کیوایم یوکے یونٹ کی جانب سے برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں لندن کے علاقے ویمبلے ( Wembley ) میں ایک اجتماع منعقد کیا گیا جس میں ویمبلے میں مقیم پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اوربچوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کوایک ایسی فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے جہاں ملک بھر کے عوام کو بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان،عقیدہ اور مذہب بنیادی حقوق میسر ہوں۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے باعث پاکستان میں نہ صرف میرٹ کاقتل ہورہاہے اور ہرشعبہ میں بدعنوانی عام ہے بلکہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنے بنیادی حقوق سے بھی محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم ہواور فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہو۔انہوں نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لے کر پیدا ہونے والے غریب عوام کے مسائل حل نہیں کرسکتے اورغریب ومتوسط طبقہ کے عوام کواپنے مسائل کے حل اور بنیادی حقوق کے حصول کے لئے اپنی صفوں سے تعلیم یافتہ اورایماندار قیادت نکالنا ہوگی۔قبل ازیں ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کودرپیش بحرانوں اورمسائل کے حل کاادراک رکھتی ہے اور پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے لئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ فکروفلسفہ ملک کے گوشے گوشے میں پھیل رہاہے اورملک بھرکے عوام جوق درجوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیارکررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ وہ وقت دورنہیں جب ملک بھر کے مظلوم عوام جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل ضرورحاصل کریں گے اور پاکستان ترقی اورخوشحالی کی راہ پرگامزن ہوگا۔اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ہاشم اعظم،سہیل خانزادہ،عبدالحلیم اورویمبلے کے یونٹ انچارج عبدالحفیظ نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پرمتعددنوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے ایم کیوایم کےممبرشپ فارم پرکئے اورایم کیوایم کی رکنیت اختیارکی۔

## ایم کیوایم کاوفدشہیدذوالفقارعلی بھٹوکی برسی میں شرکت کیلئے گڑھی خدابخش پہنچ گیا

کراچی۔۔۔3،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفدکی پیپلزپارٹی کے بانی وسابق وزیراعظم شہیدذوالفقارعلی بھٹوکی برسی میں شرکت اورمزارپرفاتحہ خوانی۔ایم کیوایم کے وفدقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سےگڑھی خدابخش میں پیپلزپارٹی کے بانی وسابق وزیراعظم شہیدذوالفقارعلی بھٹوکےمزارپرچادرچڑھائی اورشہیدکےایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ایم کیوایم کے وفدمیں رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اوراشفاق منگی،حق پرست وزراءعبدالحسیب،نثارپہنوراورسابق حق پرست صوبائی وزیرشبیرقائم خانی اورایم کیوایم لاڑکانہ زون کے ذمہ داران شامل ہیں

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سےزخمی ہونیوالےایم کیوایم کے کارکن محمدخرم10دن زندگی اورموت کی کشمکش میں مبتلارہنے کے بعدانتقال کرگئے
## محمدخرم کےانتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس،قاتلوں کوقانون کی گرفت میں لاکرقرارواقعی سزادی جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔3،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل سیکٹریونٹ B-103 کے کارکن محمدخرم ولدمحمداشرف10دن زندگی اورموت کی کشمکش میں مبتلارہنے کے بعدگزشتہ روزانتقال کرگئے (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔تفصیلات کےمطابق محمدخرم کو24مارچ کوڈاکوؤں نے ایک واردات کےدوران گولیاں مارکرشدیدزخمی کردیاتھاجس کے باعث وہ مقامی اسپتال میں انتہائی نگہداشت کے وارڈمیں زیرعلاج تھےاورڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجودوہ جانبرنہ ہوسکےاوراپنے خالق حقیقی سے جاملے۔محمدخرم مرحوم کی عمر30سال تھی اوران کے سوگواران میں والدین،ایک بھائی اورایک بہن شامل ہیں۔محمدخرم مرحوم کوگزشتہ روزشادمان ٹاؤن کے قبرستان میں سپردخاک کردیاگیا۔مرحوم کی نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست ارکان

اسمبلی، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔
دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 103-B کے کارکن محمد خرم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)
علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے محمد خرم کی ہلاکت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ محمد خرم کے بہیمانہ قتل میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کی گرفت میں لاکر قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے محمد خرم مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3،اپریل 2010ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن مسعود ہاشمی کے بھائی سید حسن محمود ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆